نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ زیتون کے زیر کاشت رقبہ اور پیداوار میں اضافہ کے متعلق لاہور میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور: 26جنوری 2024(   ) خطہ پوٹھوہار میں مزید 5 ہزار ایکڑ رقبہ پر زیتون کے نئے باغات لگانے، 10 جدید آئل ایکسٹریکشن پلانٹس کی درآمد اور کاشتکاروں وسروس پرووائیڈرز کو فراہم کرنے بارے قابل عمل تجاویز پیش کریں۔یہ ہدایات سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے زیتون کے زیر کاشت رقبہ اور پیداوار میں اضافہ سے متعلق لاہور میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے کہا کہ خطہ پوٹھوہار کو حقیقی معنوں میں زیتون ویلی میں تبدیل کرنے کے لئے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔خطہ پوٹھوہار میں مزید 5ہزار ایکڑ رقبہ پر زیتون کی کاشت کے لئے پلان مرتب کیا جا رہا ہے۔اس کے علاوہ زیتون کے تیل کی کشیدگی کے لئے 10 جدید ایکسٹریکشن پلانٹس فراہم کرنے کا منصوبہ زیر غور ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ ان آئل ایکسٹریکشن پلانٹس کی 300 کلوگرام فی گھنٹہ کے حساب سے تیل کشید کرنے کی صلاحیت ہوگی اور جدید آئل ایکسٹریکشن پلانٹس کے استعمال سے اعلیٰ کوالٹی اور بین الاقوامی معیار کے مطابق تیل حاصل ہو سکے گا۔جدید ایکسٹریکشن پلانٹس کی درآمد سے پوٹھوہار آئل ڈویلپمنٹ زون کے کاشتکار بھرپور استفادہ حاصل کر سکیں گے۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے پوٹھوہار ریجن میں زیتون کے باغات کا مکمل سروے کرنے کیلئے متعلقہ فارمیشنز کو ٹاسک سونپ دیا ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب کو بریف کرتے ہوئے بتایا گیا کہ فیلڈ میں موجود زیتون کے کل پودوں کا مکمل سروے کیا جا رہا ہے۔سروے کے نتیجے میں پودوں کی اوسط عمر اور فی پودا اوسط پیداوار بارے معلومات حاصل ہو سکیں گی اور باغبانوں کو زیتون کے صحت مند اور اچھے سائز کے پودے فراہم کیے جائیں گے